راولپنڈی ترقیاتی ادارہ، راولپنڈی

(اطلاع نیلام عام)

راولپنڈی ترقیاتی ادارہ پارکنگ پلازہ واقع فوارہ چوک، راولپنڈی کی بیسمنٹ، گراؤنڈ و فرسٹ فلور بمعہ چھت کو ٹھیکہ کار و موٹر سائیکل پارکنگ کیلئے اوپن نیلامی برائے تین سال (مالی سال 2022-23 تا 2025-26ء) کروا رہا ہے۔ بولی دہندہ / دہندگان کی غیر موجودگی میں اسے / انہیں اختیار حاصل ہوگا کہ وہ اپنی طرف سے کسی شخص کو مختار خاص / نمائندہ مقرر کر دے / دیں۔ مختار خاص / نمائندہ کو بولی سے قبل اصل مختار نامہ / اتھارٹی لیٹر و شناختی کارڈ جمع کروانا لازمی ہوگا۔ اشتہار ہذا محکمہ آر۔ ڈی۔ اے کی ویب سائٹ (rda.gop.pk) سے بھی download کیا جا سکتا ہے۔ سرکاری بولی و پارکنگ فیس درج ذیل ہوگی:۔

سرکاری بولی	زر بیعانہ	پارکنگ فیس
مبلغ تین کروڑ چھیانوے لاکھ اکیاون ہزار نو سو سینتالیس روپے سالانہ (Rs. 3,96,51,947)	مبلغ ایک کروڑ اٹھارہ لاکھ پچانوے ہزار پانچ سو چوراسی روپے (Rs.1,18,95,584)	موٹر سائیکل: مبلغ 30 روپے (fixed)، ماہوار: مبلغ 700 روپے کار / ٹیکسی / رکشا: مبلغ 50 روپے فی گھنٹہ، مبلغ 150 روپے فی دن، ماہوار: مبلغ 4000 روپے بڑی گاڑیاں: مبلغ 60 روپے فی گھنٹہ، مبلغ 250 روپے فی دن ماہوار: مبلغ 6500 روپے

نیلامی بمقام دفتر آر۔ ڈی۔ اے، لیاقت باغ مری روڈ، راولپنڈی میں مورخہ 04.04.2023 بوقت 11.00 بجے صبح ہوگی۔ نیلامی مقررہ تاریخ پر نہ ہونے کی صورت میں مورخہ 06.04.2023 بوقت 11.00 بجے صبح ہوگی۔

چیدہ چیدہ شرائط نیلام درج ذیل ہیں:۔

۱) ٹھیکہ کی مدت تین سال ہوگی۔ پہلے سال کے ختم ہونے پر دوسرے اور تیسرے سال میں کرایہ میں 10% سالانہ اضافہ حسب ضابطہ کیا جائے گا۔ اسی طرح پارکنگ فیس میں بھی دوسرے اور تیسرے سال میں 10% سالانہ اضافہ کیا جائے گا۔

۲) بولی میں شرکت سے قبل بولی دہندہ / دہندگان کو درج بالا رقم زر بیعانہ بصورت پے آرڈر / بینک ڈرافٹ بحق ڈی جی آر۔ ڈی۔ اے ہمراہ شناختی کارڈ کی نقل جمع کروانا لازمی ہوگا۔

۳) ٹھیکہ کی مدت معاہدہ ٹھیکہ کی تاریخ سے شروع ہوگی۔

۴) کامیاب بولی دہندہ / بولی دہندگان کو پہلے سال کی کامیاب بولی کا 35% بولی کی حتمی منظوری کے مراسلے کے موصول ہونے کے دس (10) یوم کے اندر اندر بصورت پے آرڈر بحق آر۔ ڈی۔ اے جمع کروانا ہوگا جو کہ اس کی جمع شدہ زر بیعانہ کی رقم ایڈجسٹ کرنے کے بعد بطور سیکیورٹی رکھی جائے گی۔ سیکیورٹی کی رقم IESCO اور دوسرے یوٹیلیٹی بلز و دیگر واجبات وغیرہ کی کلیئرنس کے بعد بمطابق درج ذیل طریقہ کار ایڈجسٹ کی جائے گی:۔

دس فیصد (10%) پہلے سال، دس فیصد (10%) دوسرے سال، پانچ فیصد (5%) تیسرے سال اور دس فیصد (10%) ٹھیکہ کے اختتام پر

۵) سیکیورٹی کی رقم کے علاوہ کامیاب بولی دہندہ / بولی دہندگان کو کامیاب بولی کی ایک عدد ماہانہ قسط بھی ایڈوانس میں جمع کروانی ہوگی جو کہ ٹھیکہ کے اختتامی سال کے آخری ماہ میں ایڈجسٹ کی جائے گی۔

۶) کامیاب بولی دہندہ بقایاجات کی رقم ماہانہ ایڈوانس کی شکل میں ہر ماہ کی مقررہ تاریخ کے دس دن کے اندر جمع کروائے گا۔ موجودہ لیز کی رقم پر سالانہ 10 فیصد اضافہ ہوگا۔ لیز کی ماہانہ قسط یا معاہدہ کے قوانین کے تحت کسی بھی ادائیگی میں تاخیر کی صورت میں 1.45 فیصد یومیہ جرمانہ عائد ہوگا۔ 45 دن سے زیادہ عرصہ تک ادائیگی نہ کرنے کی صورت میں معاہدہ منسوخ سمجھا جائے گا اور پراپرٹی ادارے کے حق میں واپس لے لی جائے گی۔

۷) کامیاب بولی دہندہ کو بولی کی حتمی منظوری کے مراسلے کے موصول ہونے کے چودہ یوم (working days) کے اندر اندر قبل از قبضہ پراپرٹی آر۔ ڈی۔ اے کے نمائندہ کے ساتھ باقاعدہ تحریری معاہدہ مطلوبہ اسٹامپ پیپر پر کرنا ہوگا جس میں مدت معاہدہ درج ہوگی اور اسٹامپ پیپر متعلقہ سب رجسٹرار / ریونیو کنٹرولر سے اپنے خرچ پر رجسٹر کرائے گا۔ معاہدہ نہ کرنے کی صورت میں سیکیورٹی کی رقم بحق محکمہ ضبط کر لی جائے گی۔

۸) معاہدہ ٹھیکہ سے پہلے یا معاہدہ ٹھیکہ کے وقت کامیاب بولی دہندہ کو ایڈوانس کے طور پر مطلوبہ ماہانہ اقساط کے دستخط شدہ چیکس ڈائریکٹر اسٹیٹ مینجمنٹ کے دفتر میں جمع کروانے ہوں گے۔

۹) معاہدہ پر دستخط کرنے کے بعد کامیاب بولی دہندہ یوٹیلیٹی بلز وغیرہ کے بل بروقت جمع کروانے کا ذمہ دار ہوگا جن کا معائنہ محکمہ کسی بھی وقت کر سکے گا۔

۱۰) کامیاب بولی دہندہ پر لازم ہوگا کہ محکمہ کی مقرر کردہ پارکنگ فیس وصول کرے اور پارکنگ فیس پارکنگ پلازہ میں نمایاں جگہوں پر برائے آگاہی عوام الناس چسپاں کرے۔

۱۱) یہ کہ دوران معاہدہ پراپرٹی میں کسی نقصان کی صورت میں ٹھیکیدار ذمہ دار ہوگا اور نقصان کی تلافی محکمہ کو کرے گا۔ مزید برآں قدرتی آفات یا کسی بھی ہنگامی حالت میں نقصان خود برداشت کرے گا۔ یہ کہ کار و موٹر سائیکل کی چوری، آتشزدگی اور اموات وغیرہ کا بھی ٹھیکیدار ذمہ دار ہوگا۔

۱۲) یہ کہ کامیاب بولی دہندہ اپنی منظور شدہ بولی کو کسی کو کرایہ داری (Sublet) کرنے یا اس میں کسی بھی شخص / کمپنی کو شریک کار بنانے کا قطعاً مجاز نہ ہوگا۔

۱۳) یہ کہ کامیاب بولی دہندہ عمارت / پراپرٹی کو صرف بطور کار و موٹر سائیکل پارکنگ استعمال کرے گا اور کسی دیگر مقصد کیلئے استعمال نہ کرے گا۔

۱۴) اتھارٹی کو اختیار ہوگا کہ وہ کسی بھی وقت پراپرٹی کا معائنہ اور فیس وصولی کے ریٹ چیک کر سکتی ہے۔

۱۵) معائنہ کے دوران کسی قسم کی بے ضابطگی کی صورت میں یومیہ مبلغ 10,000 روپے جرمانہ کیا جائے گا۔

۱۶) کامیاب بولی دہندہ کو پارکنگ فیس کی وصولی سے پہلے متعلقہ محکمہ سے اجازت نامہ / لائسنس حاصل کرنا ہوگا اور تمام حفاظتی اقدامات کی یقین دہانی کرنے کا پابند ہوگا۔

۱۷) شرائط و ضوابط کے پورا نہ ہونے پر ٹھیکہ کینسل کر دیا جائے گا اور زر بیعانہ بحق سرکار ضبط کر لیا جائے گا اور پراپرٹی کی دوبارہ نیلامی کی جائے گی جس پر ٹھیکیدار کو کوئی اعتراض نہ ہوگا۔

۱۸) ٹھیکیدار بلڈنگ میں کوئی رد و بدل کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔

۱۹) کامیاب بولی دہندہ بلڈنگ میں صفائی، بجلی، سیوریج وغیرہ اور اینٹی ڈینگی سپرے، Covid-19 سے بچاؤ کے سپرے وغیرہ کے اقدامات کرنے کا پابند ہوگا۔

۲۰) ٹھیکہ کی میعاد کے دوران کسی بھی متنازعہ امور کی صورت میں معاملہ جناب ڈائریکٹر جنرل آر۔ ڈی۔ اے، راولپنڈی کو بھیجا جائے گا جن کا فیصلہ حتمی ہوگا اور اس کی پابندی فریقین پر لازم ہوگی۔

۲۱) نیلامی ختم ہونے کے بعد کسی قسم کی پیشکش قابل قبول نہ ہوگی۔

۲۲) محکمہ آر۔ ڈی۔ اے کے نادہندگان اور کسی بھی سرکاری ادارے سے بلیک لسٹ فرد / افراد بولی / ٹھیکہ میں بالواسطہ یا بلاواسطہ حصہ لینے کے مجاز نہ ہوں گے۔ ٹھیکہ کی منظوری کے بعد اگر کامیاب بولی دہندہ کسی سرکاری ادارے کا نادہندہ / بلیک لسٹ پایا گیا تو ٹھیکہ کینسل کر دیا جائے گا۔

۲۳) کسی ہنگامی حالت کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ کسی رعایت کا مستحق نہ ہوگا اور نہ ہی اس ضمن میں کسی رعایت (Rebate) کا دعویٰ کرنے کا مجاز ہوگا اور نہ ہی کامیاب بولی دہندہ ہنگامی حالات کو جواز بنا کر واجبات روک لینے کا مجاز ہوگا۔

۲۴) کامیاب بولی دہندہ پر لازم ہوگا کہ پارکنگ فیس کی وصولی کیلئے الیکٹرانک نظام نصب کرے

۲۵) کامیاب بولی دہندہ وفاقی حکومت اور حکومت پنجاب کی طرف سے وقتاً فوقتاً جاری شدہ ہدایات کی من و عن تعمیل کا پابند ہوگا اور تمام گورنمنٹ واجبات اور لاگو ہونے والے ٹیکسز ادا کرنے کا مجاز ہوگا۔

۲۶) مجاز اتھارٹی کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ کوئی بھی وجہ بتائے بغیر بولی کینسل کر دیں۔

ڈائریکٹر (اسٹیٹ مینجمنٹ)، آر۔ ڈی۔ اے، راولپنڈی

فون نمبر: 051-5552516

IPL-2142-R